SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ آرڈیننس VIII مجریہ ۱۹۷۸

SINDH ORDINANCE NO.VIII OF 1978

سندھ سمال انڈسٹریز اور ہینڈی کرافٹس ڈولپمنٹ کارپوریشن (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۷۸

THE SINDH SMALL INDUSTRIES AND HANDICRAFTS DEVELOPMENT CORPORATION (AMENDMENT) ORDINANCE, 1978

(CONTENTS) فہرست

تمہید (Preamble)

۱۔ مختصر عنوان اور شروعات

Short Title and commencement

۲۔ ۱۹۷۲ کے سندھ ایکٹ XXVI کی دفعہ ۵ کی ترمیم

Amendment of section 5 of Sindh Act XXVI of 1972

۳۔ ۱۹۷۲ کے سندھ ایکٹ XXVI کی دفعہ ۷ کی ترمیم

Amendment of section 7 of Sindh Act XXVI of 1972

۴۔ اٹھائے گئے اقدامات کی توثیق

Validation of actions taken

سندھ آرڈیننس VIII مجریہ ۱۹۷۸

SINDH ORDINANCE NO.VIII OF 1978

سندھ سمال انڈسٹریز اور ہینڈی کرافٹس ڈولپمنٹ کارپوریشن (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۷۸

THE SINDH SMALL INDUSTRIES AND HANDICRAFTS DEVELOPMENT CORPORATION (AMENDMENT) ORDINANCE, 1978

[۲۱ جون ۱۹۷۸]

سندھ سمال انڈسٹریز اور ہینڈی کرافٹس ڈولپمنٹ کارپوریشن ایکٹ، ۱۹۷۲ میں ترمیم کا آرڈیننس

تمہید (Preamble)

جیسا کہ سندھ سمال انڈسٹریز اور ہینڈی کرافٹس ڈولپمنٹ کارپوریشن ایکٹ، ۱۹۷۲ میں ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی؛

اب اس لیئے، ۵ جولائی ۱۹۷۷ کے اعلان کے تحت، لاز (کنٹی نیوئنس ان فورس) آرڈر، ۱۹۷۷ کے روشنی میں سندھ کے گورنر نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے:

مختصر عنوان اور شروعات

Short Title and commencement

۱۔ (۱) اس آرڈیننس کو سندھ سمال انڈسٹریز اور ہینڈی کرافٹس ڈولپمنٹ کارپوریشن (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۷۸ کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

۱۹۷۲ کے سندھ ایکٹ XXVI کی

۲۔ سندھ سمال انڈسٹریز اور ہینڈی کرافٹس ڈولپمنٹ کارپوریشن ایکٹ، ۱۹۷۲ میں، جس کو اس کے بعد بھی ایکٹ ہی کہا جائے گا، اس کی دفعہ ۵ میں:

دفعہ ۵ کی ترمیم

Amendment of section 5 of Sindh Act XXVI of 1972

(i) ذیلی دفعہ (۱) کو مندرجہ ذیل طریقے سے متبادل بنایا جائے گا:

"(۱) بورڈ مندرجہ ذیل پر مشتمل ہوگا:

(a)	سیکریٹری انچارج انڈسٹریز اینڈ ڈولپمنٹ ڈپارٹمنٹ، حکومت سندھ	چیئرمین
(b)	سیکریٹری، فنانس ڈپارٹمنٹ، حکومت سندھ	میمبر
(c)	کارپوریشن کا مئنیجنگ ڈائریکٹر	میمبر
(d)	پلاننگ اینڈ ڈولپمنٹ ڈپارٹمنٹ، حکومت سندھ کا ایک نمائندہ، جو ڈپٹی سیکریٹری کی رینک سے کم نہ ہو، ایڈیشنل سیکریٹری (ڈولپمنٹ) کی طرف سے نامزد کیا جائے گا۔	میمبر
(e)	انڈسٹریل سیکٹر سے ڈیل کرنے والا آل پاکستان ومینس ایسوسی ایشن کا ایک نمائندہ	میمبر
(f)	انڈسٹریل ڈولپمنٹ بئنک آف پاکستان، ایکسپورٹ پروموشن بیورو، حکومت پاکستان اور ٹریڈنگ کارپوریشن آف پاکستان ہر ایک میں سے ایک نمائندہ	میمبر

(g)	سندھ صوبے کی نمائندگی کرنے والے فیڈریشن آف دی چیمبرس آف کامرس کے دو میمبر	میمبرز"؛

۱۹۷۲ کے سندھ ایکٹ XXVI کی دفعہ ۷ کی ترمیم

Amendment of section 7 of Sindh Act XXVI of 1972

(ii) ذیلی دفعہ (۳) میں، الفاظ اور کاما "ڈائریکٹر، سمال انڈسٹریز اینڈ ڈولپمنٹ کارپوریشن" کو الفاظ "مئنیجنگ ڈائریکٹر آف دی کارپوریشن" سے متبادل بنایا جائے گا۔

۳۔ ترمیم ہونے والے ایکٹ کی دفعہ ۷ میں، کامائیں اور الفاظ "اس میمبر کے علاوہ جو صوبائی اسیمبلی کا میمبر ہے،" ختم کیئے جائیں گے۔

اٹھائے گئے اقدامات کی توثیق

Validation of actions taken

۴۔ سندھ سمال انڈسٹریز اور ہینڈی کرافٹس ڈولپمنٹ کارپوریشن ایکٹ، ۱۹۷۲ کے تحت بورڈ کے اختیارات اور کام جو اس آرڈیننس کے نافذ ہونے سے پہلے سیکریٹری انچارج آف دی انڈسٹریز اینڈ منرل ڈولپمنٹ ڈپارٹمنٹ کی طرف سے استعمال کیئے جاتے تھے، اگر ترمیم ہونے والے ایکٹ سے متضاد نہ ہوں، تو وہ درست سمجھے جائیں گے، جیسی صورتحال ہو، بورڈ کی طرف سے سمجھے جائیں گے۔

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت

کے لیئے ہے، جسے کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔